# Sociology - FA Part 1 Sociology Urdu Medium Chapter 5 Short Questions Test

Q1. لوک کہانی سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** قدیم دور کی رومانوی،ثقافتی کہاوتوں اور مشہور واقعات کو لوک کہانی کہتے ہیں.

---

Q2. قومی یک جہتی کی تعریف کریں.

**Ans 1:** ایک قوم کے جذبات و احساسات ،عقائد و اقدار،رسم و رواج جب ایک دوسرے کے ساتھ مربوط ہو کر معاشرتی زندگی کی حاجات پوری کریں ہے و اسے قومی یک جہتی کہتے ہیں.

---

Q3. معاشرتی گروہ کی تعریف کریں.

**Ans 1:** معاشرتی گروہ سے مراد دو یا دو سے زیادہ وہ افراد ہیں جن کی توجہ کوئی مشترک چیز ہو،جو ایک دوسرے کو ذہنی یا جسمانی طور پر متاثر کرتے ہیں جن کی "ہمدردیاں مشترک ہوں اور جو یکساں افعال میں شرکت کرتے ہوں"

---

Q4. ثانوی گروہ کی دو خصوصیات لکھیں.

**Ans 1:** 1.ثانوی گروہ کے تعلقات غیر شخصی محدود اور خاص مقصد کے حصول کے لیے واقع پذیر ہوتے ہیں.

---

Q5. مقامی گروہ سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** ایسا گروہ جس کی جعرافیائی حدود متعین ہو مقامی گروہ کہلاتا ہے.

---

Q6. معاشرتی گروہ کی اقسام لکھیں.

**Ans 1:** 1.ابتدائی گروہ 2.ثانوی گروہ

---

Q7. سندھی ثقافت کی دو مشہور دینی شخصیات کا نام لکھیں.

**Ans 1:** 1.شاہ عبدالطیف بھٹائی(رح) 2.شہباز قلندر سہیون شریف

---

Q8. رکنیتی گروہ سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** رکنیتی گروہ سے مراد وہ گروہ ہے جس میں شامل ہونے والے افراد اس گروہ کے باقاعدہ رکن ہوں یعنی وہ کسی ضابطے یا اصول کے تحت اس گروہ میں شامل ہوئے ہوں.

---

Q9. جرگہ سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** قدیم دور کی رومانوی،ثقافتی کہاوتوں اور مشہور واقعات کو لوک کہانی کہتےہیں.

---

Q10. رسمی گروہ سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** رسمی گروہ وہ ہے جس میں شرکت کےلیے ارکان پر قانون و ضوابط عائد ہوتے ہوں اور شرائط بھی مقرر ہوں،نیز گروہ سے خارج ہونے کے لیے کوئی قانون موجود ،رکنیت کے لیے شرائط ہوں جیسے ڈاکٹروں اور انجینئروں کی انجمنیں بھی شامل ہیں.

---